## حق پرست شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، الطاف حسین

## سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کی 21ویں برسی کے موقع پر خصوصی بیان

لندن۔۔۔26، مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد سمیت تمام حق پرست شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حقوق کے حصول کی جدوجہد میں قربانیاں پیش کرنیوالے شہید ہوتے ہیں اور شہید کبھی مرتا نہیں ہے آتی بلکہ وہ امر ہوجاتے ہیں۔سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کی 21ویں برسی کے موقع پر ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرست شہداء تحریک کا قیمتی سرمایہ ہیں جن کی لازوال قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی اور ایم کیوایم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریگی۔انہوں نے کہا کہ حق پرست شہداء کا مقدس لہورنگ لائے گا اور انشاء اللہ شہداء کی قربانیوں کے طفیل ایم کیوایم اپنی منزل پر ضرور پہنچے گی۔جناب الطاف حسین نے پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کے بلند درجات اور شہداء کے لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کی 21ویں برسی آزادکشمیر سمیت ملک بھر میں منائی گی

## شہداء کی ارواح کی ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹیڈ پٹی کنوینزانیس قائم خانی، اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست سینیٹرز، وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے ونگز وشعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان نے کی شرکت

کراچی۔۔۔26، مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد کے شہداء کی 21ویں برسی انتہائی عقیدت واحترام سے منائی گئی اور تمام حق پرست شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔برسی کے سلسلے میں آزادکشمیر سمیت ملک بھر میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے۔برسی کا مرکزی اجتماع ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل جناح گراؤنڈ عزیزآباد میں ہوا جس میں شہداء کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینزانیس قائم خانی ودیگر اراکین رابطہ کمیٹی، حق پرست سینیٹرز، وزراء، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیوایم کے ونگز وشعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان، کراچی کے مختلف سیکٹرز کے ذمہ داران اور کارکنان کے علاوہ ایم کیو ایم کے ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔کراچی کے علاوہ اندرون سندھ ایم کیوایم کے تمام زونل دفاتروں،صوبہ پنجاب، سرحد، بلوچستان کے صوبائی دفاتر سمیت آزادکشمیر میں بھی برسی کے اجتماعات منعقد کیے گئے جس میں ایم کیوایم کے مقامی ذمہ داران وکارکنان اور منتخب نمائندوں کے علاوہ حق پرست عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور شہداء پکا قلعہ حیدرآباد کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

## ہنگو میں ڈی پی او آفس کے قریب دھماکے پر جناب الطاف حسین کی مذمت

## دھماکہ میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

لندن۔۔۔26 مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہنگو میں ڈی پی او آفس کے قریب دھماکے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکہ میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو دہشگردی کا نشانہ بنانے والے اسلام اور ملک دشمن ہیں جو دہشت گردی کی کارروائیاں کرکے پاکستان کو غیر مستحکم اور دنیا بھر میں بدنام کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جو عناصر اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلارہے ہیں جو کہ صریحاً غیر شرعی عمل ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ ہنگو میں دھماکہ کا نوٹس لیا جائے اور شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مزید موئثر اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون نے پیر صاحب پگارااور معروف سرجن وقار کاظمی کی عیادت

## جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی اور گلدستہ پیش

کراچی۔۔۔26 مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیرانفارمیشن ٹیکنالوجی رضاہارون نے مقامی اسپتال میں حروں کے روحانی پیشوااور مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ پیر صاحب پگارا کی عیادت کی۔انہوں نے جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی،گلدستہ پیش کیااوران کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا پیغام پہنچایا۔اس موقع پرحق پرست وزراء بابرغوری اور عادل صدیقی بھی موجود تھے۔دریں اثناء رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیرانفارمیشن ٹیکنالوجی رضا ہارون نے معروف سرجن وقار کاظمی سے بھی مقامی اہسپتال میں عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی اور گلدستہ پیش کیا۔انہوں نے وقار کاظمی کے جلدومکمل صحتیابی کے لئے بھی دعا کی۔

## مہاجرین مقیم پاکستان کے احساس محرومی کا خاتمہ ایم کیوایم کی اولین ترجیح ہے۔طاہر کھوکھر

## مہاجرین کے لیےتمام صوبوں میں جدید سہولیات سے آرائستہ کالونیاں تعمیر کی جائیں گی،

## سرکاری ملازمتوں کے کوٹہ میں اضافہ اور بیرون ملک روزگار فراہم کیا جائے گا

## مہاجرین کے بیرون ملک کشمیریوں کے مسائل ہر بھی خصوصی توجہ دی جائے گی،کشمیر کالونی کوئٹہ کے تنازعہ کا حل ایم کیوایم کا کارنامہ ہے،وفد سے بات چیت

کراچی۔۔۔26 مئی،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ نے پانچ سالوں کے دوران حکومت اوراپوزیشن میں رہتے ہوئے مہاجرین جموں وکشمیر مقیم پاکستان کے حوالے سے بھرپور آوازاٹھائی ہے،آئندہ بھی موقع ملاتو مہاجرین کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہوگی۔احساس محرومی کے خاتمے کے لیےمہاجرین مقیم پاکستان کے رہائش اورڈومیسائل سمیت تمام مسائل حل کروائیں گے۔گزارہ الاؤنس میں اضافہ سمیت مہاجرین کے تمام مسائل پر بھرپورتوجہ دی جائے گی۔کوئٹہ میں کشمیر کالونی کے 22 سالہ تنازعہ کا حل ایم کیوایم کا کارنامہ ہے دیگر صوبوں میں بھی مہاجرین جموں و کشمیر کی ضروریات کے پیش نظر جدید سہولیات سے آرائستہ کالونیاں تعمیر کی جائیں گی۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے کراچی میں مقیم مہاجرین جموں وکشمیر کے مختلف وفود سے بات چیت کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اقتدار میں آئی تو مہاجرین کے گزارہ الاؤنس میں حسب ضرورت اضافہ کیا جائے گا اورانہیں سرکاری ملازمتوں میں کوٹہ کےعلاوہ بیرون ملک روزگار کی فراہمی کے لیے اقدامات کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم تارکین وطن کے مسائل پر بھی خصوصی توجہ دے رہی ہے تارکین وطن کو ووٹ کا حق دلانے کے علاوہ آزاد کشمیر میں اوورسیز کشمیریوں کے لیے باقاعدہ وزارت کے قیام اور بیرون ملک کشمیریوں کے لیے مختص نشستوں کی تعداد بھی بڑھائی جائے گی۔

## عامر خان نے رابطہ کمیٹی کے ہمراہ شہداء قبرستان پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی

کراچی۔۔۔26 مئی 2011ء

ایم کیوایم کے کارکن عامر خان نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر رضاہارون کے ہمراہ شہداء قبرستان یسین آباد میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہیداور عارف حسین شہید،ایم کیوایم کے شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید سمیت دیگر کی قبروں پر حاضری دی،پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہداء کے بلند درجات و مغفرت کے لئے فاتحہ خوانی کی۔اس موقع پرانکے ہمراہ کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین مقامی سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران اور کارکنان بھی موجود تھے۔

## متحدہ قومی موومنٹ نے آزادکشمیر نے 41 نشستوں پر 26 جون کو ہونیوالے کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے حق پرست اُمیدواروں کے کاغذات نامزدگی کے فارم جمع کرادیئے ہیں

کراچی:۔۔۔26 مئی،2011ء

آزادکشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ نے 26 جون 2011ء کے انتخابات میں حصہ لینے کیلئے حق پرست اُمیدواروں نے تمام نشستوں سے کاغذات نامزدگی کے فارم جمع کرادیئے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں وفد کی صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات حاکم علی زرداری (مرحوم) کے سوئم میں شرکت اور ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیت

کراچی۔۔۔26مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں وفد کی زرداری ہاؤس میں صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کی اور حاکم علی زرداری مرحوم کے فاتحہ سوئم میں شرکت کی۔ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار نے صدر آصف علی زرداری سے ان کے والد حاکم علی زرداری کے انتقال پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے تعزیت و ہمدردی اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت و بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔وفد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد،وسیم آفتاب،وزیر اعلی سندھ کے اسپیشل اسسٹنٹ غلام حیدر راہو اور ایم کیوایم نواب شاہ زون کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم امریکہ اور کینیڈا کا سالانہ کنونشن ایم کیوایم نارتھ امریکہ کی گرانڈ اسمبلی کے طور پر منایا جائے گا یہ اجتماع شکاگو میں 8،9،10 جولائی کو منعقد کیا جائے گا

لاس اینجلس:۔۔۔26 مئی،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ نارتھ امریکہ کی تیسری گرانڈ اسمبلی کے سلسلے میں 8،9اور 10 جولائی کو شکاگو میں اجتماع منعقد کیا جائے گا جس میں تین روز کے دوران کارکنان وذمہ داران کے انتظامی معاملات اور گزشتہ سال کی تنظیمی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے اور اس کے علاوہ ایک عوامی اجتماع بھی منعقد کیا جائے گا جس۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم امریکہ کے سینٹرل آرگنائیزر کمال ظفر کے اعلامیے کے مطابق اسمبلی میں ایم کیوایم امریکہ کے سالانہ پندرھویں کنونشن کو ایم کیوایم نارتھ امریکہ کی تیسری گرانڈ اسمبلی میں تبدیل کردیا گیا ہے۔انہوں نے اسمبلی کے سلسلے میں ہونیوالے اجتماع کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اب ہر تین سال بعد ایم کیوایم امریکہ اور ایم کیوایم کینیڈا کا سالانہ کنونشن ایم کیوایم نارتھ امریکہ کی گرانڈ اسمبلی کے طور پر یہ اجتماع منایا جائے گا جبکہ ایم کیوایم شکاگو میں منعقد کی جانے والی اس اسمبلی کے اجتماع میں ایم کیوایم نارتھ امریکہ کے تمام کارکنان وذمہ داران اور پاکستان کی قومی وصوبائی اسمبلیوں کے ارکان کے علاوہ دنیا بھر سے مندوبین شرکت کریں گے۔

## کراچی پورٹ اینڈ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کے ریفرنڈم میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ یونین یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ کی کامیابی پر نومنتخب عہدیداراوں کو متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی مبادکباد

کراچی۔۔۔26مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی پورٹ اینڈ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کے ریفرنڈم میں ایم کیوایم کی حمایت یافتہ یونین یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ کی کامیابی پر نو منتخب عہدیداراوں اور یونین کے کارکنوں کو مبادکباد پیش کی ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ کامیاب ہونے والی یونین کے نومنتخب عہدیدار ادارے کی ترقی اور غریب محنت کشوں کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمامتر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔

## کراچی پورٹ اینڈ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کے ریفرنڈم میں متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت یافتہ یونین یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ 1933 ووٹ لیکر کامیاب

کراچی؛۔۔۔26 مئی، 2011ء

کراچی پورٹ اینڈ ٹرسٹ میں ہونے والے ریفرنڈم میں متحدہ قومی موومنٹ کی حمایت یافتہ یونین یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ نے 1933 ووٹ لیکر کامیابی حاصل کر لی جبکہ مخالف ورکرز یونین نے 1501 ووٹ حاصل کئے۔

## سانحہ پکا قلعہ کے شہداء کی 21 ویں برسی کے موقع پر متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زونل آفس پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی

حیدرآباد 26:۔۔۔۔مئی، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زیراہتمام سانحہ پکا قلعہ ۲۶ و ۲۷ مئی کے شہداء کی 21 ویں برسی کے موقع پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا انعقاد کیا گیا جسمیں زونل انچارج محمد شریف اراکین زونل کمیٹی، حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی کے علاوہ سیکٹرز و یونٹس اور دیگر شعبہ جات APMSO، شعبہ خواتین، لیبر ڈویژن ایلڈرز ونگ، میڈیکل ایڈ اور لیگل ایڈ، انٹیلیکچول کمیٹی کے ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔قرآن وفاتحہ خوانی کے اختتام پر شہداء کے درجات کی بلندی تحریک کی کامیابی اور قائد تحریک الطاف حسین کی صحت ودرازی عمر کیلئے بھی خصوصی دعائیں کی گئیں بعدازاں زون کے ذمہ داران نے حق پرست ارکان اور سیکٹرز و یونٹس اور دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران وکارکنان کے ہمراہ پکا قلعہ میں شہداء کی قبروں پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔

## حیدرآباد کے جاں نثاروں نے اپنی جانوں کی قربانی دے کر یہ ثابت کردیا کہ حیدرآباد حق وصداقت کے امین الطاف حسین کے ساتھ ہے، محمد شریف

حیدرآباد:۔۔۔26 مئی، 2011ء

سانحہ پکا قلعہ دنیا کی تاریخ کا بدترین دن ہے۔سانحہ پکا قلعہ کے شہداء کی 21 ویں برسی کے موقع پر ایک بیان میں متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے کہا۔انہوں نے سانحہ پکا قلعہ کے شہداء کوزبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ 26,27 مئی کو 21 سال گذر چکے ہیں مگر اس کی تلخ یادیں آج بھی ہمارے دلوں میں زندہ ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا، انہوں نے کہا سانحہ پکا قلعہ تاریخ کا بھیانک دن تھا اس دن معصوم بچوں و بے گناہ ماؤں بہنوں بزرگ اور نوجوانوں کو حق پرستی کی پاداش میں شہید کیا گیا انہوں نے کہا کہ ان راہ حق کے شہیدوں نے اپنا لہو دے کر ثابت کیا کہ حق وصداقت کی تحریک کو مٹانا آسان نہیں تمام ظلم وستم کے باوجود حیدرآباد کے جاں نثاروں نے اپنی جانوں کی قربانی دے کر یہ ثابت کردیا کہ حیدرآباد حق وصداقت کے امین الطاف حسین کے ساتھ ہے اور آج بھی یہ شہر قائد تحریک الطاف حسین کے چاہنے والوں کا ہی قلعہ ہے اور کوئی بھی ظلم و جبر حیدرآباد کے کارکنان وحق پرست عوام کو قائد تحریک الطاف حسین سے دور نہیں کرسکتا انہوں نے مذید کہا کے وہ دن دور نہیں جب شہیدوں کا لہو رنگ لائے گا اور پورے ملک میں حق پرستی کا پرچم اپنی آب وتاب سے لہرائے گا۔

## متحدہ قومی موومنٹ غریب ومظلوم عوام کے بنیادی مسائل کو حل کرنے کا ادارک رکھتی ہے وسیم احمد

## متحدہ قومی موومنٹ ٹھٹھ زون کے زیراہتمام ٹھٹھہ زون آفس میں عوامی کھلی کچہری سے خطاب

ٹھٹھہ۔۔۔26 مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹھٹھ زون کے زیراہتمام ٹھٹھہ زون آفس میں مختلف علاقوں کی عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے گزشتہ روز کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔جس میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی وسیم احمد نے عوام کے مسائل سنے اور ان کے حل کیلئے فوری طور پر متعلقہ حکام کو ہدایت دیں کہ وہ تمام لوگوں کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کریں۔اس موقع پر ٹھٹھہ زون کے انچارج واراکین بھی موجود تھے۔اس موقع پر انہوں نے کھلی کچہری سے عوام سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومظلوم عوام کے بنیادی مسائل کو حل کرنے کا ادارک رکھتی ہے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والی عوام کے حقوق کے حصول کو اولین ترجیحی دی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے نومنتخب نمائندوں اور کارکنان کو عوامی خدمت کی تعلیمات کا درس دیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیو ایم حق پرست عوامی نمائندے غریب و مظلوم عوام کے بنیادی مسائل کو حل کرنے کیلئے دن رات کوشاں ہیں۔

## ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور ظالمانہ نظام کا خاتمہ کر کے ملک سے غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے، انچارج واراکین زونل کمیٹی دادو زون

دادو۔۔۔26 مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ دادو زون کے انچارج بابر عباسی واراکین زونل کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور ظالمانہ نظام کا خاتمہ کر کے ملک سے غریب و متوسط طبقے کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے دادو زون میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم دادو زون انچارج واراکین زونل کمیٹی کے علاوہ یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا فکر وفلسفے ملک بھر میں پوری آب وتاب کیساتھ پھیلا رہا ہے یہ قائد تحریک جناب الطاف حسینکے نظریہ کی سچائی ہے کہ آج غریب ومظلوم عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہو رہے ہیں اور وہ دن دورنہیں جب ملک بھر میں غریب ومظلوم کا انقلاب ملک کے عوام کی تقدیر بدلے گا۔

☆☆☆☆☆